# ایم کیوایم لیبر ڈویژن کا 23واں کنونشن/ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ محنت کشوں سمیت ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کی جدوجہد کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے یہ انتہائی کٹھن اور دشوار گزارراستہ ہے۔ایم کیوایم کی جدوجہد کسی فردواحد یا کسی ایک خاندان کیلئے نہیں بلکہ یہ جدوجہد آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کیلئے ہے تاکہ پاکستان سے فرسودہ اور جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ہو اور ملک میں جمہوریت اور جمہوری اداروں کو مستحکم کیا جاسکے۔یہ بات انہوں نے منگل کے روز ایم کیوایم کی لیبر ڈویژن کے 23ویں یوم تاسیس کے موقع پر لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں یوم فکر کے عنوان سے ہونے والے ایک کنونشن کے شرکاء سے اپنے پیغام میں کہی۔یہ پیغام متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائم خانی نے پڑھ کر سنایا۔اپنے پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے 23ویں سالانہ کنونشن کے انعقاد پر اپنی جانب سے ایک ایک تحریکی ساتھیوں کو دل کی گہرائی سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔آج کا دن لیبر ڈویژن کے تمام کارکنان کیلئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے کہ اس دن ایم کیوایم کے محنت کشوں کو ایک پلیٹ فام پر متحد کرنے اور ان کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کا آغاز کیا گیا۔محنت کشوں سمیت ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کی جدوجہد کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے یہ انتہائی کٹھن اور دشوار گزارراستہ ہے یہ راستہ پھولوں کی سیج نہیں بلکہ کانٹوں کی باڑ ہے،اس حق پرستانہ جدوجہد میں ہزاروں ساتھیوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے،قیدوبند کی صعوبتیں برداشت کیں لیکن ثابت قدمی سے حق پرستی کی جدوجہد جاری رکھی،یہ تحریکی ساتھیوں کی محنت اور قربانیوں کا نتیجہ ہے کہ آج ایم کیوایم کا پیغام آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت پاکستان بھر میں پھیل رہا ہے اور ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام ایم کیوایم کی جانب سے امید بھری نظروں سے دیکھ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کوئی بھی کامیابی بغیر محنت اور قربانی کے حاصل نہیں ہوتی اور کسی بھی مشن ومقصد کے حصول کیلئے ذاتی مفادات کے بجائے اجتماعی مفادات کیلئے جدوجہد کی جاتی ہے۔ایم کیوایم کی جدوجہد بھی کسی فردواحد یا کسی خاندان کیلئے نہیں بلکہ یہ جدوجہد آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کیلئے ہے تاکہ پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ہوسکے،ملک میں میں جمہوریت اور جمہوری اداروں کو مستحکم کیا جاسکے۔گزشتہ 63 برسوں سے ملک وقوم پر چند مخصوص خاندانوں کی اجارہ داری قائم ہے اورانہی مخصوص خاندان کے افراد نسل درنسل اقتدار میں آتے رہے ہیں،مراعات یافتہ طبقہ کے جاگیردار، وڈیرے،سمایہ دار اور خواتین سونے کا چمچہ منہ میں لیکر پیدا ہوتے ہیں،انہیں غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو درپیش مسائل کا علم ہی نہیں ہے لیکن بدقسمتی سے پاکستان کے 98فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام ہر انتخابات میں انہی جاگیرادروں،وڈیروں اور سرمایہ داروں کو ووٹ دیکر منتخب کرتے چلے آرہے ہیں جوان کے مسائل کی اصل جڑیں اور جنھوں نے محنت کشوں سمیت زندگی کے ہر طبقہ سے تعلق رکھنے والے غریب عوام کی زندگی اجیرن کررکھی ہے۔وقت کا تقاضا ہے کہ پاکستان کے غریب ومتوسط اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کریں اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے متحد ہوکر جدوجہد کریں کیونکہ جب تک پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ خاتمہ نہیں ہوگا غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے بنیادی مسائل حل نہیں ہوسکتے۔پاکستان کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں اقتدار کے حصول کیلئے جدوجہد کرتی ہیں جبکہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد اقتدار کا حصول نہیں بلکہ عوام کی خدمت کرنا ہے اور ایم کیوایم،پاکستان کی واحد سیاسی جماعت ہے جس نے سیاست برائے خدمت کی روشن مثال قائم کرکے ثابت کردیا ہے کہ اگر دل میں لگن اور خلق خدا کی خدمت کا جذبہ ہوتو اقتدار میں رہتے ہوئے اور اقتدار کے بغیر بھی عوام کی عملی خدمت کی جاسکتی ہے۔اپنے پیغام میں الطاف حسین نے مزید کہا کہ پاکستان انتہائی نازک دور سے گزرر ہا ہے،ملک بھر میں غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو آٹے،شکر،بجلی اور گیس کے بحران کا سامنا ہے،دن بدن بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بے روزگاری نے غریب عوام کی کمر توڑ رکھی ہے،عوام پانی،صحت اور تعلیم جیسے بنیادی حقوق سے محروم ہیں اور اپنے مسائل کے حل کیلئے ایم کیوایم کی جانب دیکھ رہے ہیں۔ان حالات میں ایم کیوایم کے تمام کارکنان پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کریں،ایمانداری اور دیانتداری سے فرائض انجام دیں اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے اپنا بھر پور کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ آج کے موقع پر تحریک کے نظریہ اور مشن ومقصد کی خاطر اپنی جانیں قربان کرنے والے ساتھیوں کو ہرگز نہ بھولیں کیونکہ جو قومیں اپنے شہیدوں کی قربانیوں کو فراموش کردیتی ہیں ان قوموں کا وجود تاریخ سے حرف کی غلط کی طرح مٹ جایا کرتا ہے۔میں تحریک کے تمام شہداء کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج عقیدت پیش کرتا ہوں، اللہ تعالیٰ تحریک کے تمام شہداء کے درجات بلند فرمائے،انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور تمام سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) لیبر ڈویژن کے سالانہ کنونشن کے موقع پر لیبر ڈویژن کے تمام کارکنان کیلئے میرا پیغام ہے کہ وہ خوب محنت سے کام کریں اور محنت کے کسی بھی کام میں جی نہ چرائیں کیونکہ جو قومیں محنت سے جی چراتی ہیں وہ کبھی ترقی نہیں کرسکتیں اور ہمیشہ دوسروں کی محتاج بنی رہتی ہیں،تمام تحریکی ساتھی دیانتداری اور فرض شناسی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے اپنے ادارے کی ترقی اور محنت کشوں کے جائز حقوق کے حصول کی جدوجہد کریں،خود کو معاشرتی برائیوں سے دور رکھیں،اپنے اپنے اداروں کے افسران اور محنت کشوں سے خوش اخلاقی سے ملیں اور ایک دوسرے کا احترام کریں۔آخر میں ایک مرتبہ پھر لیبر ڈویژن کے سالانہ کنونشن کے موقع پر تمام ساتھیوں کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن کا 23 واں سالانہ کنونشن لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منگل کو جوش وجذبے سے منایا گیا

کراچی۔۔۔2، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کا 23 واں سالانہ کنونشن منگل کے روز عزیز آباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں انتہائی جوش وجذبے سے منایا گیا لیبر ڈویژن کے سالانہ کنونشن کی پر رونق تقریب کو ''یوم عزم'' کا نام دیا گیا جس میں مختلف سرکاری ونیم سرکاری اداروں سے تعلق رکھنے والی سی بی اے لیبر یونینوں، انجمنوں اور محنت کشوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔ لیبر ڈویژن کنونشن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی، اراکین رابطہ کمیٹی کنور خالد یونس، وسیم آفتاب، سلیم تاجک اور ڈاکٹر نصرت نے خصوصی طور پر شرکت کی جبکہ تقریب کے میزبانی کے فرائض لیبر ڈویژن کی مرکزی کوآرڈی نیشن کمیٹی کے انچارج وسیم قریشی، جوائنٹ انچارج مظاہر حسین، سرور عالم، ذکی قادری، منظور شیخ، کمال احمد، محمد اکرم خان ، مرتضٰی حسین، اسد کاظمی، اسد میر خان، عمران خان، محمد اسرائیل، رضوان احمد، آصف سلمان اور تحمیم الحق خرم نے انجام دیئے۔ لیبر ڈویژن کے 23 ویں سالانہ کنونشن کے سلسلے میں لال قلعہ گراؤنڈ میں سجاوٹ کے زبردست انتظامات کیے گئے تھے اور لال قلعہ کے وسیع وعریض گراؤنڈ کو پنڈال کا درجہ دیکر فرشی نشستوں کا اہتمام کیا گیا تھا، پنڈال میں سامنے کی طرف پھولوں کی مدد سے خوبصورت اسٹیج بنایا گیا تھا اسٹیج کے عقب میں قائد تحریک الطاف حسین کی تصویر پر مبنی کلر فل خوبصورت اسکرین لگائی گئی تھی جس پر جلی حروف میں ''یوم فکر...... جو اپنی آواز سے بکھرے ہوئے لوگوں کو ایک قوم کرے'' 23 واں یوم تاسیس، لیبر ڈویژن ایم کیوایم (پاکستان) تحریر تھا۔ پنڈال میں مختلف اداروں کی محنت کش یونینوں اور مزدور تنظیموں کی جانب سے انقلابی اشعار اور تہنیتی پیغامات پر مبنی سینکڑوں بینرز آویزاں کیے گئے تھے جبکہ انٹری گیٹ پر سیکورٹی کے زبردست انتظامات کیے گئے تھے اور اس سلسلے میں اہم مقامات باقاعدہ اسکینر مشینیں لگائی گئی تھیں، سالانہ کنونشن پر لیبر ڈویژن کی جانب سے عائشہ منزل، مکا چوک، جناح گراؤنڈ کے راستوں پر استقبالیہ کیمپس لگائے گئے اور ان راستوں اور گلیوں سمیت پنڈال کی طرف آنے والی تمام گلیوں اور بڑی شاہراہوں کو قائد تحریک کی قد آور تصویر، ایم کیوایم کے پرچموں، جھنڈیوں، انقلابی اشعار پر مبنی بینرز اور رنگ برنگی برقی قمقموں سے سجایا گیا تھا جو شرکاء کی توجہ کا مرکز بنے رہے جبکہ پنڈال کے اطراف کی بلند عمارتوں کو بینرز، قد آور تصاویر سے پوری طرح ڈھاپ دیا گیا جس سے پنڈال کی خوبصورت میں کئی گنا مزید اضافہ ہو گیا تھا۔ کنونشن کی تقریب کا باقاعدہ افتتاح تلاوت قرآن پاک سے ہوا، کے ایم سی یونٹ کے کارکن نسیم نے قرآن پاک کی آیات کی تلاوت کی ، بارگاہ رسالت میں حدیہ نعت پیش کی، تقریب کی نظامت کے فرائض شریف علی رعنا نے انجام دیئے، لیبر ڈویژن کے سالانہ کنونشن کی تقریب سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی خانی، وسیم آفتاب اور انچارج لیبر ڈویژن وسیم قریشی کے علاوہ دیگر نے خطاب کیا اور محنت کشوں کو اپنی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے سالانہ کنونشن کی دلی مبارکباد پیش کی۔ لیبر ڈویژن کے 23 ویں سالانہ کنونشن میں کارکنان نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی جس کے باعث لال قلعہ گراؤنڈ کا وسیع گراؤنڈ چھوٹا پڑ گیا اور کارکنان کی بہت بڑی تعداد نے پنڈال کے باہر بیٹھ کر کارروائی سنی، پنڈال میں موجود شرکاء نے ہاتھوں میں قائد تحریک الطاف حسین کی تصاویر اور ایم کیوایم کے پرچم اٹھا رکھے تھے جو وہ فلک شگاف نعروں کے موقع پر وقفے وقفے سے بلند کر کے اپنے جذبات کا اظہار کر رہے تھے، اس موقع پر شرکاء نے یک آواز ہو کر قائد تحریک الطاف حسین سے تجدید عہد وفا کیا اور گیت گایا ''ہم سب کے قائد...... آج کے دن ہم تجھ سے وعدہ کرتے ہیں''۔ لیبر ڈویژن کی جانب سے 23 ویں سالانہ کنونشن کی خوشی میں لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں موجود شرکاء پر پھولوں کی منوں پتیاں نچھاور کی گئیں، اس موقع پر مختلف اقسام کے سینکڑوں پرندے بھی فضاء میں آزاد کیے گئے، رنگ برنگی غبارے فضاء میں چھوڑے گئے جبکہ اس موقع پر آتش بازی کا خوبصورت مظاہرہ بھی کیا گیا جس کا سلسلہ کافی دیر تک جاری رہا اور شرکاء و شائقین کی بڑی تعداد اس مظاہرے کو اپنے موبائیل کیمروں میں محفوظ کرتے نظر آئے۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن کا 23 واں سالانہ کنونشن/ مختلف اداروں کے ٹریڈ یونین کی جانب سے بینرز آویزاں کیے گئے

کراچی۔۔۔2، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کا 23 واں سالانہ کنونشن منگل کے روز عزیز آباد لال قلعہ گراؤنڈ میں ''یوم عزم'' کے طور پر منایا گیا اس موقع پر سندھ خصوصاً کراچی کے مختلف سرکاری ونیم سرکاری اداروں کی سی بی اے یونین، انجمنوں اور مزدر تنظیموں کی جانب سے انقلابی اشعار اور تہنیتی پیغامات پر مبنی بینرز آویزاں کیے گئے جن میں پاکستان اسٹیل ملز، کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی، واٹر اینڈ پاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی، پاکستان ریلوے، کراچی واٹر اینڈ سیوریج بورڈ، کراچی بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی، ایجوکیشن، پاک اسٹیل، انکم ٹیکس، مشینری ٹول فیکٹری، سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ، کراچی ڈیولپمنٹ اتھارٹی، پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن، سوئی سدرن گیس، ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن، پاکستان پوسٹ آفس، ہمدرد پاکستان ، کراچی پورٹ اتھارٹی، اسٹیٹ بینک آف پاکستان، نیشنل بینک، یونائیٹڈ بینک، حبیب بینک، الائیڈ بینک، مسلم کمرشل بینک کے علاوہ ٹریڈ یونین کی جانب سے بینرز آویزاں کیے گئے تھے۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن کا یوم تاسیس/قراردادیں

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے تحت منگل کو لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں 23 ویں یوم تاسیس کے موقع پر یوم فکر کے عنوان سے ہونے والے کنونشن کے ہزاروں حق پرست محنت کشوں نے اتفاق رائے سے منظور کیں جس میں مطالبہ کیا گیا کہ اخباری کارکنان و پرنٹ میڈیا کے ملازمین کے ویج ایوارڈ کو فی الفور نافذ العمل کیا جائے ، اخبارات کے عارضی ملازمین کو فوری طور پر مستقبل کیا جائے ۔آئندہ بھرتیاں مستقل بنیادوں پر کی جائیں ۔ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا سے ورکرز کی بے دخلی بند کی جائے اوران کی ملازمتوں کو قانونی تحفظ دی جائے ۔ایک اورقرارداد میں سابق سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال سمیت تمام ٹاؤن ناظمین ، یوسی ناظمین اور کونسلرز کی خدمات کو زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا گیا۔ مزید قراردادوں میں مطالبہ کیا گیا کہ PTCL اور نیشنل بینک میں MQM کی حمایت یافتہ یونینز کی الیکشن میں واضح برتری کے باوجود CBA سٹرٹیفکیٹ جاری نہیں کیا جارہا ہے ۔تمام صنعتی اداروں میں عارضی ملازمین کو وزیراعظم کے اعلان مطابق فوری طور پر مستقل کیا جائے ۔جن اداروں میں یونین سازی کا عمل روکا جارہا ہے ان اداروں میں یونین سازی کی اجازت دی جائے ۔KESC کی انتظامیہ فی الفور مزدور دشمنی رویہ تبدیل کرے اوراپنا قبلہ درست کرے ۔ ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن جو کہ ایک عوامی خدمت کا ادارہ ہے اس کی نجکاری فی الفور روکی جائے ۔ وزیراعظم پاکستان کے اعلان کردہ تنخواہ چھ ہزار ماہانہ کو صنعتی اداروں میں فوری نافذ کیا جائے ۔ پی آئی اے میں ڈیلی ویجز ملازمین کو فوری طور پر مستقل کیا جائے ۔ یہ قراردادیں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی نے پیش کی جسے محنت کشوں نے اتفاق رائے سے اور ہاتھ اٹھا کر منظور کر لیں ۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن کا یوم تاسیس/مقررین کا خطاب

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینز انیس احمد قائم خانی نے کہا ہے کہ اگر پاکستان میں کوئی قابل عمل اور کرپشن سے پاک نظام لانا ہے تو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ فکر ، مقصد اور مشن پر چلنا ہوگا جو میرٹ پر مشتمل ہے جناب الطاف حسین نے موروثی سیاست کی ہمیشہ مخالفت کی ہے ۔ یہ بات انہوں نے منگل کے روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے 23 ویں سالانہ کنونشن ''یوم فکر'' کے ہزاروں حق پرست محنت کشوں و مزدوروں سے خطاب کرتے ہوئے کہی اس موقع پر ارکان رابطہ کمیٹی شعیب بخاری ایڈوکیٹ ، وسیم آفتاب ، لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی اور جوائنٹ انچارج مظاہر حسین نے بھی خطاب کیا۔ رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینز انیس احمد قائم خانی نے کہا کہ الطاف حسین نے ایم کیوایم کی تحریک میں میرٹ قائم کی جہاں دولت ، مقام یا حسب نسب کا کوئی دخل نہیں ہوتا بلکہ تحریک سے اخلاص کو دیکھا جاتا ہے اور میرٹ پر ہی توجہ مرکوز رکھی جاتی ہے ۔شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر کی بدولت ہی آج لیبر ڈویژن موجود ہے ۔ جناب الطاف حسین نے ہمیں صرف زبانی طور پر فکر نہیں دی اور بلکہ اپنے عمل و کردار سے اسے ثابت بھی کیا ہے حق پرستی کی تحریک میں جناب الطاف حسین کے خاندان کا خون بھی شامل ہے ۔ہمیں ہر شعبہ زندگی میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی فکر کو اپنانا ہوگی اور اسی پر چلنا ہوگا اس فکر کو ہی حقیقت پسندی اور عملیت پسندی کہتے ہیں ، منزل کے حصول کیلئے تقریر اور تحریر کے علاوہ عملی طور پر بھی جدوجہد کرنا ہوگی ، حقوق دینے کیلئے خود کوئی چل کر نہیں آتا ۔ وسیم آفتاب نے کہا کہ بے بسی اور بے کسی کی چادر ملک کے عوام کا مقدر بن کر رہ گئی ہے ، کارخانے میں کام کرنے والے مزدوروں کے گھروں میں بھوک ، غربت اور افلاس نے ڈیرے ڈال رکھے ہیں ، ملک کا تعلیمی نظام لوگوں کو غلام بنا رہا ہے ، پاکستان میں پاکستانیوں کے نام پر سیاست کی جاتی رہی ہے لیکن ان کی زندگیاں آج بھی بے بسی اور بے کسی کی منہ بولتی تصویر ہیں ۔انہوں نے کہا کہ لگتا ہے کہ یہاں انسانیت اٹھ چکی ہے جہاں صحت ، تعلیم اور انصاف نام کی کوئی چیز نہیں ، بڑے آدمی کی سفارش کے بغیر غریب آدمی کا کام نہیں ہوتا یہی اس ملک کی سب سے بڑی سچائی ہے ۔ یہاں غریبوں کے نام پر سیاست تو کی جاتی رہی لیکن ملک میں ان کا کوئی حصہ یا کردار نہیں ۔ 2 فیصد مراعات یافتہ طبقہ ملک کے سارے وسائل کا مالک ہے ہم اسی مراعات یافتہ طبقہ کو ایوانوں میں بھیجتے ہیں ، اگر ہم اس ملک میں کوئی تبدیلی چاہتے ہیں تو ہم سب کو ایک ہونا ہوگا اور اس وقت تک مرتے رہنا ہوگا جب تک حقوق نہیں مل جاتے ۔ وسیم آفتاب نے کہا کہ اگر ملک کے ظالمانہ ، جاگیردارانہ اور غاصبانہ نظام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنا ہے تو ہمیں پھر طے کرنا ہوگا کہ ملک کے ایوانوں میں صرف وہ جائے گا جس کو ہمارے مسائل اور مصائب کا پتہ ہو اور جسے احساس ہو کہ بھوک کیا ہوتی ہے ۔انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں ہمیں ایک قدم آگے آنا ہوگا اور ایک ہو کر کھڑا ہونا ہوگا ۔ ایم کیوایم انسانوں کو انسانوں کی غلامی سے آزاد کرانا چاہتی ہے ، اس سے قبل کے آسمانوں سے فیصلے آنے لگیں ہمیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا ہاتھ تھامنا ہوگا یہ ایک شخص کا ہی نہیں بلکہ انقلاب کا نام ہے یہ نام آنے والے وقت کی تاریخ بھی مرتب کریگا ۔ الطاف حسین کی گڈری میں آنے والا بھی لعل بن جاتا ہے اگر پاکستان کے عوام تبدیلی چاہتے ہیں تو وہ بھی جناب الطاف حسین کی گڈری میں آجائیں اور اپنا دامن جناب الطاف حسین کے دامن سے وابستہ

کرلیں۔ وسیم قریشی نے کہا کہ آج لیبر ڈویژن کا 23 واں یوم تاسیس یوم فکر کے احساس کے ساتھ منایا جارہا ہے یہ وہ فکر ہے جو جناب الطاف حسین نے ہمیں دی ہے اور اسی فکر کی روشنی میں متحدہ قومی موومنٹ کا قیام عمل میں آیا ہے۔ ہم جناب الطاف حسین کی اس فکر کو ملک بھر میں پھیلانے کا تہیہ کرتے ہیں، ہماری جدوجہد اقتدار کیلئے نہیں بلکہ آنے والی نسلوں کی بقاء کیلئے ہے، جناب الطاف حسین کی اسی فکر نے سابق ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو چار سال تک سونے نہیں دیا جس کے نتیجے میں کراچی سمیت سندھ بھر کے شہری علاقوں میں بے مثال ترقیاتی کام ہوئے۔ مظاہر حسین نے کہا کہ ایم کیوایم مزدوروں کی عزت نفس کی بحالی چاہتی ہے اور چاہتی ہے کہ مزدوروں کا وقار بلند ہو اور اسے طاقت پرواز عطا کی جائے۔ ہم عزت کے ساتھ اپنا حق چاہتے ہیں اور ذلت کے ساتھ کوئی سہولت یا آسائش ہمیں ہرگز قبول نہیں۔ اس سے قبل یونائیٹڈ لیبر فیڈریشن، پی ٹی سی ایل، یوبی ایل، این بی پی اور بلدیات ایجوکیشن یونٹ کیماڑی کے لیبر ڈویژن کے ذمہ داروں نے اپنی اپنی جانب سے سیوینیرز پیش کیے جو متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی نے دیگر ارکان رابطہ کمیٹی کے ہمراہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کیلئے وصول کیے۔

## قائد تحریک الطاف حسین کی جدوجہد اپنی ذات اور خاندان کیلئے نہیں بلکہ محروم عوام کے حقوق کیلئے ہے۔ سلیم شہزاد

## کشمیر، کشمیری عوام کا ہے، مسئلہ کشمیر کا کوئی بھی ایسا حل جس میں کشمیری عوام کی مرضی شامل نہ ہو وہ کشمیری عوام کو قابل قبول نہیں ہوگا

## ایم کیوایم یوکے کے تحت انگلینڈ کے شہر پیٹرز برا میں رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں منعقدہ اجتماع سے خطاب

## پیٹرز برا کے متعدد کشمیریوں اور مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی ایم کیوایم میں شمولیت

## ایم کیوایم پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاسی کلچر کا خاتمہ چاہتی ہے۔ ڈاکٹر سلیم دانش

## پاکستان کی جمہوری سیاست میں ایم کیوایم کے مؤثر کردار سے بہت متاثر ہیں۔ ایڈی مرفی یورپی پارلیمنٹ کیلئے لیبر پارٹی کے امیدوار

## ایم کیوایم کی قیادت آزاد کشمیر میں بلدیاتی نظام کے قیام کیلئے اپنا کردار ادا کرے۔ پیٹرز برا کے سابق میئر چوہدری ایوب

## ایم کیوایم نے ایسے سیاسی کلچر کو جنم دیا ہے جس میں غریب و متوسط طبقہ کے افراد بھی اسمبلیوں کے ممبر بن سکتے ہیں۔ محمد منشاء خان

لندن۔۔۔2، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان کو سنگین بحرانوں کا سامنا ہے اور ملک کو موجودہ صورتحال سے نکالنے کیلئے پاکستانی عوام کو بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کرنا چاہئے۔ یہ بات انہوں نے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے تحت پیٹرز برا میں رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں منعقدہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان کے علاوہ پاکستان کی مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر متعدد افراد نے ایم کیوایم کے ممبر شپ فارم پر کئے اور ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سلیم شہزاد نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد اپنی ذات اور خاندان کیلئے نہیں بلکہ پاکستان کے محروم عوام کے حقوق اور ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے ہے لہٰذا ملک بھر کے غریب و متوسط طبقہ کے عوام کو چاہئے کہ وہ پاکستان کی بقاء وسلامتی اور ترقی وخوشحالی کیلئے ایم کیوایم کا بھرپور ساتھ دیں۔ انہوں نے مسئلہ کشمیر کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم مظلوم کشمیری عوام کے ساتھ ہے اور چاہتی ہے کہ کشمیر کے مسئلہ کے حل میں کشمیری عوام کی خواہشات اور امنگوں کا احترام کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر، کشمیری عوام کا ہے اور ایم کیوایم ایسے کسی بھی حل کو قبول نہیں کرے گی جس میں کشمیری عوام کی مرضی شامل نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں قیامت خیز زلزلے میں ایم کیوایم نے مصائب ومشکلات کا شکار کشمیری عوام میں تین ارب روپے سے زائد مالیت کی امداد کی اور اپنے عمل سے ثابت کیا کہ ایم کیوایم مظلوم عوام کی نمائندہ جماعت ہے۔ سلیم شہزاد نے کہا کہ ایم کیوایم نے غریب و متوسط طبقہ کے حقوق کی صرف بات نہیں کی بلکہ غریب و متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو اسمبلیوں میں بھیجا جن میں بہت سے ایسے تھے کہ جو ایک بینر بنانے کی استطاعت نہیں رکھتے تھے۔ ایم کیوایم نے آزاد کشمیر اسمبلی کے انتخابات میں حصہ لیا تو وہاں کی موروثی سیاست کے بجائے غریب و متوسط طبقہ کے افراد کو ایوان میں بھیجا، ایم کیوایم کی جانب سے کامیاب ہونیوالا متوسط طبقہ کا نوجوان آزاد کشمیر کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ڈپٹی اسپیکر اور قائم مقام صدر کے عہدے پر فائز ہوا۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا حق پرستانہ پیغام ملک بھر میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب ملک بھر سے حق پرست نمائندے کامیاب ہونگے اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ہوگا۔ قبل ازیں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم برطانیہ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاسی کلچر کا خاتمہ چاہتی ہے اور ملک میں ایسا منصفانہ نظام قائم کرنا چاہتی ہے جہاں 98 فیصد غریب و متوسط طبقہ کے عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات میسر آسکیں اور ملک میں میرٹ کا نظام قائم ہو۔ اجتماع سے یورپی پارلیمنٹ کیلئے برطانیہ کی حکمراں

لیبر پارٹی کے امیدوار ایڈی مرفی نے بھی خطاب کیا اور کہا کہ انہیں ایم کیو ایم کے اس اجتماع میں شرکت کر کے بہت خوشی محسوس ہوئی ہے اور وہ پاکستان کی جمہوری سیاست میں ایم کیو ایم کے موٴثر کردار سے بہت متاثر ہیں۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے پیٹرز برا کے سابق میئر چوہدری ایوب نے کہا کہ ایم کیو ایم کے منتخب نمائندوں کے کردار نے ہمیں بہت متاثر کیا ہے اور عوام کیلئے ان کی خدمات مثالی ہیں۔ چوہدری ایوب نے کہا کہ بدقسمتی سے آج تک آزاد کشمیر میں کوئی بلدیاتی نظام نہیں ہے جبکہ بلدیاتی نظام جمہوریت کی روح ہے۔ انہوں نے ایم کیو ایم کی قیادت سے اپیل کی کہ وہ آزاد کشمیر میں بلدیاتی نظام کے قیام کیلئے اپنا کردار ادا کرے۔ ایم کیو ایم یو کے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن منشاء خان نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم نے پاکستان میں جاری لوٹ مار اور پیسہ کی روایتی سیاست میں ایک ایسے سیاسی کلچر کو جنم دیا ہے جس میں غریب اور متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے نوجوان بھی اسمبلیوں کے ممبر بن سکتے ہیں اور ایم کیو ایم نے عملاً کر کے دکھایا ہے۔ منشاء خان نے کشمیریوں سمیت تمام قومیتوں کے عوام سے کہا کہ وہ ملک میں صحیح جمہوری نظام کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کریں۔

## سیرت النبیؐ مسلمانوں کیلئے مشعل راہ ہے، عبدالحسیب

## نعت خوانی وتقریری مقابلہ بعنوان سیرت النبیؐ سے حق پرست صوبائی وزیر اوقاف کا خطاب

کراچی۔۔۔02، مارچ 2010ء

سیرت النبیؐ مسلمانوں کیلئے مشعل راہ ہے اور حضور اکرمؐ نے اپنی احادیث کے ذریعے تعلیم کی اہمیت کو اُجاگر کیا۔ یہ بات حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن سیکٹر ڈی کی جانب سے منعقدہ نعت خوانی وتقریری مقابلہ بعنوان سیرت النبیؐ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے مرکزی نشر واشاعت سیکریٹری منہاج الا ابراہیم، مرکزی کابینہ کے رکن فرقان علی اور سیکٹر کمیٹی و یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان سمیت اساتذہ کرام طلبہ وطالبات بھی موجود تھے جبکہ منصفین کے فرائض عابد علی اُمنگ اور فرحان اعظم نے انجام دیئے۔ انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او اپنی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے ماضی کی طرح امسال بھی ربیع الاول کے مہینے میں نعت خوانی وتقریری مقابلہ بعنوان سیرت النبیؐ کا انعقاد کالجز وجامعات میں کرتی آرہی ہے۔ سیرت النبیؐ عالم اسلام کے لوگوں کو اس بات کی یاد دلاتا ہے کہ ہمیں دنیا و آخرت میں برے کاموں سے اجتناب برتنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کی جانب سے نعت خوانی وتقریری مقابلہ کا انعقاد قابل تعریف ہے جو کہ طلبہ میں مثبت سرگرمیوں کا ذریعہ ثابت ہونگی اس طرح کی نصابی وغیر نصابی سرگرمیاں طلبہ کیلئے صحتمندانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کا سبب بھی بنتی ہیں۔ انہوں نے تقریری مقابلے کے انعقاد پر اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ اور سیکٹر کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان کو مبارکباد پیش کی جنہوں نے اس پروگرام کو کامیاب بنانے کیلئے اپنا موثر کردار ادا کیا۔ نعت خوانی وتقریری مقابلہ میں بوائز اینڈ گرلز کالجز پر مبنی 10 کالجز کے طلبہ وطالبات نے حصہ لیا تقریب کو دو مرحلوں میں تقسیم کیا گیا تھا پہلے مرحلے میں نعت خوانی اور دوسرے مرحلے میں تقریری مقابلہ کی کاروائی ترتیب دی گئی تھی۔ نعت خوانی وتقریری مقابلہ سیرت النبیؐ میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کے ناموں کا اعلان پروگرام کے منصفین نے کیا اور اس موقع پر انہوں نے اپنے خیالات اور اپنی نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات میں اعزازی شیلڈ وانعامات بھی تقسیم کئے گئے۔ اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے مرکزی نشر واشاعت سیکریٹری منہاج الا ابراہیم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اے پی ایم ایس او گزشتہ کئی سالوں سے اپنی سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے طلبہ کی ذہنی نشو ونما کیلئے نصابی وغیر نصابی سرگرمیاں انجام دے رہی آج ہم نے حضور اکرمؐ کی ذات اقدس کے متعلق ایک ایسے پروگرام کا انعقاد کیا جو کہ نعت خوانی وتقریری مقابلہ بعنوان سیرت النبیؐ کی ذات سے منسوب ہے یہ پروگرام حضورؐ سے سچی محبت کی عکاسی کرتا ہے ہمیں چاہئے کہ ہم اپنی زندگی کو حضور اکرمؐ کی تعلیمات کے مطابق گزاریں انہوں نے کہا کہ ہمیں معاشرے سے برائیوں کا خاتمہ کرنے کیلئے زیادہ سے زیادہ علم حاصل کرنا ہوگا۔ اے پی ایم ایس او گزشتہ کئی سالوں سے طلبہ میں حصول علم کی شمع کو روشن کرنے میں اپنا اہم کردار ادا کر رہی ہے طلبہ کو چاہئے کہ وہ اپنی مثبت صلاحیتوں کو اُجاگر کریں۔

## عابد حسین کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی:۔۔۔02، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نیوز ون کے سینئر ایڈیٹر اور پریس کلب کے جوائنٹ سیکریٹری عابد حسین کی والدہ محترمہ وحیدہ خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے عابد حسین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

☆☆☆☆☆